Roll No:________________ Name:______________________________ Section:____________________

اردو **اطلاقی گرامر: مصدر** جماعت: چہارم

پیارے بچو! آپ جانتے ہیں کہ وہ کلمہ جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا زمانے کے تعلق کے بغیر ظاہر ہو اور اس سے اسم اور **فعل** بنائے جائیں مصدر کہلاتا ہے۔ اردو میں اس کی علامت "نا" ہے۔

مثلاً: آنا، جانا، کھانا، پینا، سونا، پڑھنا، رونا، بھاگنا اور نام کرنا وغیرہ

مصدر سے اسم بنانے کا طریقہ: آخر سے "نا" ہٹا کر مختلف حروف (مثلاً: وٹ، ہٹ، ائی، ؤ وغیرہ) بڑھانا۔


مثلاً: ملانا سے ملاوٹ، گھبرانا سے گھبراہٹ، پڑھنا سے پڑھائی، لگانا سے لگاؤ وغیرہ

مصدر سے **فعل** بنانے کا طریقہ: آخر سے "نا" ہٹا کر ا، ی، ے، تا تھا، رہے تھے، تی ہے، ے گا، یں گے وغیرہ بڑھانا۔

مثلاً: لکھنا سے لکھا، لکھی، لکھے، لکھتا تھا، لکھ رہے تھے، لکھتی ہے، لکھ رہا ہے، لکھ رہے ہیں، لکھے گا، لکھیں گے وغیرہ

1۔ **درست لفظ لگاتے ہوئے جملے مکمل کیجیے۔**

کھانا ، جانا ، ملانا ، اُٹھنا



i. صبح جلدی ____________ اچھی عادت ہے۔

ii. احمد نے کہا: "ملنا ____________ تو چلتا رہے گا۔"

iii. علی ____________ کھانے کے بعد کھیلے گا۔



iv. ہمیں وقت پر سکول ____________ چاہیے۔

2۔ ہر مصدر درست **فعل** سے ملائیے۔

| مصدر | | فعل |
|---|---|---|
| لکھنا | | سنا رہی تھیں۔ |
| سنانا | | دوڑ رہی ہیں۔ |
| عزت کرنا | | لکھ رہے ہوں گے۔ |
| پڑھنا | | عزت کرتا ہوں۔ |
| دوڑنا | | نظم پڑھیں گی۔ |

LIVEWORKSHEETS